# 8593 ـ اگروہ قبول اسلام کااعلان کرے تواسے تنخواہ سے محروم ہونا پڑے گا توکیا وہ اسے چھپا کررکھے

**سوال**

میں نے نصف برس قبل اسلام قبول کیا تھا قبول اسلام کےبعدمیں نےاپنی زندگی میں ہرقسم کی تبدیلی سے بہت زیادہ خوشی محسوس کی ہے ، لیکن ابھی تک میں نے اپنے آپ کوکاغذات میں مسلمان نہیں لکھوایا ۔
مستقبل میں میرا ارادہ ہے کہ میں مدرس بنوں لیکن مجھے ایک مشکل درپیش ہے :
وہ یہ کہ جرمنی مسلمان مدرسوں یا ٹیچروں کوملازمت نہیں دیتا تواس لیے مجھے ملازمت نہ ملنے کا احتمال ہے
تومیراسؤال یہ ہے کہ :
کیا یہ جائزہے کہ میں ملازمت ملنے تک اپنے اسلام کا اعلان نہ کروں بلکہ اسے چھپائے رکھوں ؟
کیا یہ ممکن ہے کہ میں اللہ تعالی کی عبادت چوری چھپے کروں اورحکومتی اداروں کواس کا علم نہ ہوسکے کہ میں اسلام قبول کرچکا ہوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

میں نے یہ سوال اپنے شیخ اوراستاذ فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا توان کا جواب تھا :

اس کے لیے ضروری اورلازم نہیں کہ وہ اپنے اسلام کا انہیں بتاتا پھرے ، اوراس میں بھی کوئ حرج نہیں کہ اگراسے اپنی جان کا خطرہ ہوتواپنے دین کوچھپا کررکھے ۔ انتھی ۔

واللہ اعلم .